SECP

SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**March 3, 2017**
**For immediate release**

کمپنی رجسٹریشن میں اکہتر فیصد اضافہ، فروری میں 854 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں

اسلام آباد(۳مارچ) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے فروری میں آٹھ سو چوون کمپنیوں نے رجسٹریشن حاصل کی۔ کمپنیوں کی رجسٹریشن گزشتہ برس فروری کے مقابلے میں اکتہر فیصد زیادہ ہے۔ملک میں کمپنی رجسٹریشن میں اضافہ ایس ای سی پی کی جانب سے کارپوریٹ سیکٹر میں کی جانے والی اصلاحات کا نتیجہ ہے اور امید کی جاتی ہے کہ کارپوریٹ سیکٹر میں بڑھوتی کا سلسلہ رواں سال بھی جاری رہے گا۔

گزشتہ سال کے اعداد و شمار اور رجحانات کو دیکھا جائے تو سال 2016 کے پہلے آٹھ ماہ میں سال دو ہزار پندرہ کے پہلے آٹھ ماہ کے مقابلہ میں کمپنی رجسٹریشن میں چونیتس فیصد اضافہ ہوا۔اس عرصہ کے دوران ایس ای سی پی کی جانب سے رجسٹریشن کے عمل کو آسان اور سہل بنانے اور کارپوٹائزیشن کے رجحان کو فروغ دینے کے لئے جامع اصلاحات کی گئیں۔ان اصلاحات میں قانونی ترامیم، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو فروغ دینا، کمپنی رجسٹریشن کے طریق کار کو سہل بنانا شامل تھا۔ان اصلاحات کا مقصد کاروبار شروع کرنے کے لئے درکار وقت اور اس کے اخراجات میں خاطر خواہ کمی کرنا اور اس کے طریق کار کو آسان بنانا تھا۔اس کے ساتھ ساتھ عوام اور ممکنہ سرمایہ کاروں کو کاروبار کو رجسٹرڈ کروانے کے فوائد سے آگہی فراہم کرنے کے لئے مہم چلائی گئی۔

ایس ای سی پی کے ان اقدامات اور اصلاحات سے حکومت کے کاروباری اداورں کو کارپوریٹ دائرے میں لانا اور معیشت کو دستاویزی شکل دینے میں بھی معاون ہیں۔

رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں پچاسی فی صد پرائیویٹ لمیٹڈ بارہ فی صد سنگل ممبر جبکہ باقی تین فی صد میں پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ایسوسی ایشن‘ ٹریڈ آرگنائزیشن اور غیر ملکی کمپنیاں شامل ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

فروری کے مہینے میں سب سے زیادہ رجسٹریشن ،اسلام آباد کے کمپنی رجسٹریشن آفس میں ہوئی جہاں تیں سو تین کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جبکہ لاہور میں دو سو چھپن ،اور کراچی میں ایک سو اسی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ ،پشاور، ملتان، فیصل آباد، کوئٹہ، سکھر اور گلگت میں بالترتیب پینتیس، چھتیس، تیئس، دس، تین اور آٹھ کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔

ٹکرز:

فروری میں ایس ای سی پی نے آٹھ سو چون کمپنیاں رجسٹر کیں۔

اسلام آباد میں تین سو تین ،لاہور میں دو سو چھپن ،اور کراچی میں ایک سو اسی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254